BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# انسداد سیاہ فام نسل پرستی پر خود مختار فریق ثالث کی جانب سے موصول شدہ جائزوں کی بنیاد پر، سٹی ان کی سفارشات کو نافذ کرے گا

برامپٹن، آن (5 مئی 2022) – سٹی آف برامپٹن نسل پرستی کے خلاف ایک ایسا محفوظ، قابل رسائی اور جامع ماحول بنانے کے لیے وقتاً فوقتاً اقدامات کرتا رہتا ہے جہاں عملہ اور رہائشی اپنی صلاحیتوں کے مطابق ثمرات حاصل کر سکیں اور اپنی اہلیت کے مطابق یکساں طور پر ترقی کر سکتے ہوں۔

گذشتہ ہفتے، سٹی نے ایک کونسل ورکشاپ اور ایک ایمپلائی ٹاؤن ہال کا انعقاد کیا جس میں سٹی میں سیاہ فام ملازمین کے تجربات کے خودمختار جائزے کے نتائج پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں کمیونٹی میں امتیازی سلوک کے وجود، تجربات اور عملی صورت حال اور دائرہ کار کا جائزہ لینے کے عمل، پالیسیوں اور طریقہ کار کا جائزہ بھی شامل تھا۔

سٹی نے خارجی فریق ثالث کے طور پر جائزہ لینے کے لیے 'ولیمز HR لاء' کی خدمات حاصل کی تھیں اور اس کام کا آغاز موسم خزاں 2020 میں ہوا تھا۔ جائزے میں شہر کے ملازمین کے تجربات اور مشاہدات پر توجہ مرکوز کی گئی جو براہ راست، بالواسطہ، معمولات اور نظام میں موجود امتیازی سلوک اور سیاہ فام آبادی کے ساتھ نسلی تعصب کے ہر قسم کے مظاہر سے متعلق تھے۔

شرکت کنندگان کے انٹرویوز اور متعلقہ دستاویزات سے اکٹھی کی گئی معلومات کی بنیاد پر، 'ولیمز HR لاء' نے کام کی جگہوں پر موجود سیاہ فام آبادی کے خلاف پائے جانے والے نسلی امتیاز کے بارے میں ملازمین کے تجربات اور مشاہدات کے جائزے کے نتیجے میں 26 اہم نتائج نکالے۔ نتائج درج ذیل زمروں کے تحت ریکارڈ کیے گئے تھے:

- نسلی تنوع
- کام کی جگہ کا ماحول اور ثقافت
- ملازمت دینے کی پالیسیاں اور طرز عمل
- کیریئر کی ترقی
- EDI تربیت اور پالیسیاں
- EDI کے موجودہ اقدامات
- شناخت پر مبنی ڈیٹا اکٹھا کرنا

سٹی آف برامپٹن ایکویٹی آفس اور ہیومن ریسورسز ڈویژنز سٹی کے عملے اور اندرونی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر شہر میں مساوات، تنوع، شمولیت اور انسداد نسلی تعصب جیسے عوامل سے نمٹنے کے لیے اگلے اقدامات کے بارے میں آگاہی پیدا کریں گے، تاکہ اس کا قلع قمع کرنے کے لیے ایک ایکشن پلان کی تیاری کے عمل کو آگے بڑھایا جا سکے۔

**ایکوئیٹی آفس کے بارے میں**

سٹی آف برامپٹن نے ایکوئیٹی آفس کے قیام سے اپنی کونسل کی مدت کے دوران برامپٹن اپنی خوبصورت متنوع آبادی میں اپنے ملازمین اور شہریوں کی خدمت میں بہتری لانے کی جانب گامزن ہے۔ دسمبر 2020 میں قائم کیا گیا، ایکوئیٹی آفس تمام افراد کے ساتھ منصفانہ اور مساوی سلوک کو یقینی بنانے اور شہر کے اندر اور اس کے رہائشیوں کے لیے ایک ہم آہنگ ماحول کو فروغ دینے کے لیے کام کرتا ہے۔

مورخہ 10 جون 2020 کو سٹی کونسل نے *بلیک افریقن اینڈ کیریبین سوشل، کلچرل اینڈ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم یونٹ* کے قیام کی طور پر منظوری دی تھی۔ اس کے بعد، کونسل نے ایکوئیٹی آفس *اور بلیک افریقن اینڈ کیریبین سوشل، کلچرل اکنامک ایماورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم یونٹ* کو آپس میں یکجا کرنے کے لیے ایک تحریک کی منظور دی،

جس سے تنوع، مساوات، شمولیت اور انسداد نسل پرستی جیسے لازمی عوامل کو آگے بڑھانے کے حوالے سے سٹی کے عزم کو تقویت ملی ہے۔

ایکوئیٹی آفس کے بارے میں مزید معلومات Brampton.ca پر دستیاب ہے۔

**اقتباسات**

"برامپٹن مختلف کمیونٹیز پر مشتمل ایک حسین گلدستے کی مانند ہے اور ہم سٹی میں اپنے تمام پروگراموں، خدمات اور اقدامات میں تنوع، مساوات اور شمولیت کو جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ سیاہ فام آبادی کے ساتھ نسلی تعصب کے خلاف فریق ثالث کا یہ آزادانہ جائزہ ظاہر کرتا ہے کہ اگرچہ ہم نے ایک کارپوریشن کے طور پر بہت بڑی پیش رفت کی ہے، مگر ہمیں ابھی بھی اپنے نظام اور تنظیمی ڈھانچے میں تبدیلی لانے کے لیے بہت کام کرنا ہے۔ سب کے ساتھ منصفانہ اور مساوی سلوک کو یقینی بنانے کے لیے ہم مل کر ان رکاوٹوں کو عبور کرتے رہیں گے۔''

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن سٹی کونسل میں منتخب ہونے والی پہلی سیاہ فام خاتون کے طور پر، مجھے فخر ہے کہ سٹی آف برامپٹن ہماری کمیونٹی کے عملے اور رہائشیوں کے لیے ایک محفوظ، قابل رسائی، نسل پرستی سے پاک اور جامع ماحول پیدا کرنے کے لیے مفید اقدامات کر رہا ہے۔ فریق ثالث کا یہ جائزہ ظاہر کرتا ہے کہ اگرچہ سٹی نے تنوع، مساوات، شمولیت اور نسل پرستی کے مسائل کو حل کرنا شروع کر دیا ہے، مگر ہمیں ابھی مزید کام بھی کرنا ہے۔ جب ہم منظم امتیازی سلوک سے نمٹنے کے لیے اپنا ایکشن پلان تیار کرتے ہوئے آگے بڑھیں گے، تو کونسل اور عملہ اپنا تعاون جاری رکھیں گے اور کام کے ماحول سے نسل پرستی جیسی لعنت کا قلع قمع کرنے کے لیے اقدامات کرتے رہیں گے۔"

*- شارمین ولیمز، سٹی کونسلر، وارڈز 7 اور 8، سٹی آف برامپٹن*

"جب سٹی آف برامپٹن میں سیاہ فام ملازمین کے تجربات کی بات آتی ہے، تو ہم ان کی بات سننے، ان سے سیکھنے اور رہنمائی کرنے کے لیے پُرعزم ہیں اور تیسرے فریق کا یہ جائزہ ہمارے کام کی جگہ کے ماحول میں موجود مسائل کو حل کرنے کے لیے ہمیں ایک واضح راستہ فراہم کرتا ہے۔ ایک تنظیم کے طور پر، ہم اپنی اس متنوع افرادی قوت کو بڑھانے کے لیے اقدامات کرنا جاری رکھیں گے جس کی ہم خدمت کرتے ہیں اور ایک ایسا جامع ماحول تخلیق کریں گے جہاں تمام افراد کی صلاحیتیں مساوی طور پر پروان چڑھیں۔"

*- پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"میں اس عملے کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی جنھوں نے اس تیسرے فریق کے جائزے میں حوصلہ مند ہونے اور اپنے تجربات کے بارے میں اپنی اجتماعی سچائیوں کو سامنے لانے کے لیے اپنی آواز کا استعمال کرتے ہوئے ایک بہتر مستقبل کے لیے جمود کو ختم کرنے میں ہماری مدد کی ہے۔ اپنے ایکوئیٹی آفس کے ذریعے، ہم ایک ایسی تنظیم کو آگے بڑھانا جاری رکھیں گے جو نسل پرستی کے خلاف ہو اور شہر کے ملازمین اور اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں گے تاکہ بہتری کے شعبوں کا تعین کیا جا سکے اور ایک محفوظ، قابل رسائی اور جامع ماحول کو آگے بڑھانے کے لیے کام کیا جا سکے۔"

*- مشال بائرنے، منیجر ایکوئیٹی آفس، سٹی آف برامپٹن*

"ہمیں یہ اعزاز حاصل ہوا کہ ہمیں سٹی آف برامپٹن کے کام کی جگہ کے تنوع اور شمولیت کی حکمت عملی اور کام کے منصوبے کی حمایت کرنے کا شاندار موقع ملا جس میں سیاہ فام ملازمین کے تجربات پر خاص توجہ مرکوز کرتے ہوئے EDI کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ہماری مصروفیت کے آغاز سے ہی، سٹی نے اپنے کام کی جگہ پر سیاہ فام آبادی کے لیے موجود نسلی تعصب اور ہمارے نظام میں موجود امتیاز اور عدم مساوات کی دیگر اقسام کو حل کرنے کے لیے اپنے عزم کو آگے بڑھانے

میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے، خاص طور پر اس کے ایکوئیٹی آفس کے قیام اور عملے کی مدد سے بہت سے عملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ ہمارے کام کے تمام مراحل میں جس انداز میں قیادت اور عملہ مصروف عمل رہا ہے وہ ہمیں پر امید بناتا ہے کہ سٹی اس رفتار کو مزید آگے بڑھاتا رہے گا، کیونکہ یہ ہماری سفارشات کے ساتھ ساتھ ہمارے دیگر اقدامات پر بھی عمل درآمد کیا جا رہا ہے، جو اقدامات اس نے کام کی جگہ کو مزید منصفانہ، متنوع اور جامع بنانے کے لیے اٹھائے ہیں، جس سے تمام ملازمین مستفید ہو سکیں گے۔ ہماری فرم کو اس اہم کام کی ذمہ داری سونپنے کے لیے آپ کا شکریہ اور ہم سٹی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں کیونکہ یہ اپنے EDI سفر میں ترقی کرتا جا رہا ہے۔"

*- لورا ولیمز، ولیمز HR لاء*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca